Smile Train Cleft Lip and Palate Feeding Recommendations

1 **بعض بچے ایک کلیفٹ کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں**۔ ان کے ہونٹ میں ایک سوراخ، ایک شگاف، یا درز یا ان کے منہ کی چھت میں ایک سوراخ ہوتا ہے (جو، ہو سکتا ہے، باہر سے دکھائی نہ دے)

2 **سرجری بہت اہم ہے** کیونکہ ہو سکتا ہے اس کے بغیر بچہ درست طور پر بول نہ سکے، اس کو انفیکشنوں کا خطرہ بڑھ جائے اور ہوسکتا ہے اسے خوراک لینے اور دودھ پینے میں مسائل درپیش ہوں۔

3 **ایک سمائل ٹرین سرجن** ایک سمائل ٹرین پارٹنر ہسپتال میں **اس نقص کو مفت دور کر سکتا ہے**۔ اس نقص کو پوری طرح دور کرنے کا واحد طریقہ سرجری ہے۔

4 سرجری کروانے کی خاطر کافی **تندرست اور** مضبوط ہونے کے لئے ضروری ہے کہ کلیفٹ کے حامل ننھے بچوں کو مناسب خوراک دی جائے۔



5 **لیکن بعض اوقات کلیفٹ کے حامل بچوں کو دودھ پلانا مشکل ہوتا ہے** کیونکہ دودھ ان کی ناک سے باہر آسکتا ہے بلکہ ان کے پھیپھڑوں میں جا سکتا ہے۔ یا بچے ہوا اندر کھینچ سکتے ہیں، اور وہ سیر ہوئے محسوس ہو سکتے ہیں اور سو جاتے ہیں، چاہے ان کو کافی غذائیت نہ ملی ہو۔

6

یہ ضروری ہے کہ بچے کو اچھی غذا ملے تاکہ اس کی سرجری ہو سکے۔ ماؤں کو یہ دیکھنے کے لئے کہ ان کے لئے اور بچے کے لئے کون سا طریقہ کام کرتا ہے، دودھ پلانے کی مختلف تدابیر آزمانی چاہئیں۔ اگر ممکن ہو، تو بچے کو براہ راست چھاتی سے دودھ پلانا بہترین ہے۔ کچھ تدابیر یہ ہیں:

بچوں کو معمول سے زیادہ کثرت کے ساتھ دودھ پلائیں اور ڈکار دلوائیں۔

دودھ کی روانی کو بڑھانے کے لئے چھاتی کو آرام سے دبائیں۔

نپل کو منہ کی اُس جانب پر رکھیں جو کٹی ہوئی نہیں ہے۔

بچے کو سیدھا بٹھا کر دودھ پلائیں۔

7

اگر چھاتی سے دودھ پلانا ممکن نہ ہو تو یہ لازمی ہے کہ ماں دوسرے ذرائع استعمال کرتے ہوئے بچے کو دودھ پلانا جاری رکھے۔ چند تدابیر یہ ہیں:

ماں دودھ کی روانی کو بڑھانے کے لئے دودھ پلانے والی بوتل کے نپل کے سوراخ کو تھوڑا بڑا کر سکتی ہے۔

ماں بچے کو ایک چمچ یا بوتل سے دودھ پلانے کے لئے چھاتی سے دودھ نکال سکتی ہے۔

8

اگر چھاتی کا دودھ بالکل دستیاب نہیں ہے، تو ماں گائے کا دودھ یا فارمولا استعمال کر سکتی ہے۔ یہ یقینی بنائیں کہ گائے کے دودھ یا فارمولا کے لئے پانی کو ابال کر ٹھنڈا کر لیا جائے۔

9

یہ یقینی بنائیں ک دودھ پلانے کے لئے استعمال کئے جانے والے آلات صاف اور پانی میں کم از کم 10 منٹ تک ابال کر جراثیم سے پاک کئے گئے ہوں۔ گندے چمچوں اور بوتلوں کے نتیجے میں بخار اور انفیکشن ہو سکتی ہے۔

10

براہ مہربانی اپنے بچے کو نزدیک ترین سمائل ٹرین سنٹر پر لے جانا نہ بھولیں۔ سنٹر پر ایک ڈاکٹر بچے کا معائنہ کرکے آپ کو بتائے گا کہ آپ سرجری کے لئے کب ہسپتال آئیں۔

یاد رکھیں، کسی بھی سمائل سنٹر پر کلیفٹ کا پورا علاج مکمل طور پر اور پوری طرح مفت ہے۔